Virtual meeting between Minister of State for External Affairs and Vice Minister of Foreign Affairs of Indonesia

June 10, 2021

وزیر مملکت برائے امور خارجہ اور انڈونیشیا کے نائب وزیر برائے امور خارجہ کے درمیان ورچوئل میٹنگ کا انعقاد

10 جون، 2021

وزیر مملکت برائے امور خارجہ اور پارلیمانی امور جناب وی مرلیدھرن نے انڈونیشیا کے نائب وزیر برائے امور خارجہ عالی جناب مہیندرسائرگر کے ساتھ 10 جون 2021 کو ایک ورچوئل میٹنگ کا انعقاد کیا۔ وزیر مملکت نے انڈونیشیا کی حکومت کا کووڈ 19 وبائی مرض سے لڑنے کے لئے امدادی سامان بھیجنے پر شکریہ ادا کیا۔

ملاقات کے دوران، دونوں رہنماؤں نے ہندوستان اور انڈونیشیا کے مابین مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے علاقائی امور اور کثیر جہتی فورم میں باہمی تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے ہندوستان- انڈونیشیا جامع اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید تقویت دینے کے عزم کا اظہار کیا۔

نئی دہلی

10 جون، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.